# سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ روشن پیکجز لمیٹڈ ('' کمپنی'') کا 16 سالانہ اجلاسِ عام بروز بدھ 27 نومبر 2019 بمقام شالیمار ہال فلیٹیز ہوٹل لاہور میں بوقت 12 بجے سہ پہر درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور**

1۔ چیئرمین کی جائزہ رپورٹ' ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ مع 30 جون 2019ء کو مکمل ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ سالانہ جداگانہ اور مجموعی مالیاتی گوشواروں کی وصولی' غور وخوص اور منظوری دینا۔

2۔ کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا مشاہرہ مقرر کرنا۔ بورڈ اور آڈٹ کمیٹی نے سبکدوش ہونے والے آڈیٹر میسرز کے پی ایم جی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جگہ پر میسرز ای وائے فورڈ روڈز چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بطور آڈیٹر تقرری کی سفارش کی ہے۔ اس سلسلہ میں ارکان کو کمپنی ایکٹ 2017 کی شق (2)246 تحت اطلاع دی گئے۔

**خصوصی امور**

3۔ غور کرنا اور سال مختتمہ 30 جون 2019ء کے دوران متعلقہ اداروں کے ساتھ کاروباری امور کی انجام دہی کی منظوری دینا اور اگلے اجلاسِ عام تک متعلقہ اداروں کے ساتھ کاروباری امور کی انجام دہی کے لیے چیف ایگزیکٹو کو بااختیار بنانے کی منظوری دینا۔

4۔ غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو سیکشن 199 کے تحت روشن سن تاؤ پیپر ملز پرائیویٹ لمیٹڈ میں کی جانے والی سرمایہ کاری کی شرائط وضوابط میں تبدیلی کے لیے خصوصی قرارداد کو منظور کرنا جیسے کے اسٹیٹمینٹ آف میٹریل فیکٹس میں دی گئی ہے۔

کمپنی ایکٹ 2017 کی شق (3)134 کے تحت میٹریل فیکٹس کا ایک بیان اجلاس کی اطلاع کے ساتھ منسلک ہوگا جو ارکان کو بھیجی جائے گی۔

بحکم بورڈ

محمد عادل

کمپنی سیکرٹری

لاہور

6 نومبر 2019ء

**ضروری گزارشات:**

1۔ **شیئرز بک کی بندش**

کمپنی کی شیئرز منتقلی کی کتابیں 21 نومبر 2019ء سے 27 نومبر 2019ء تک بند رہیں گی (بشمول دونوں دن)۔ اس سلسلہ میں جو منتقلی ہمارے شیئرز رجسٹرار کے دفتر سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ' سی ڈی سی ہاؤس' B-99' بلاک بی' مین شاہراہ فیصل کراچی میں بروز بدھ 20 نومبر 2019ء کے کاروباری دن کے اختتام تک وصول ہو جائے گی وہ منقول الیہ کو حتمی نقد منافع منقسمہ اور سالانہ اجلاسِ عام (اے جی ایم) میں شرکت، خطاب اور ووٹ کے استحقاق کے لیے بروقت تصور کی جائے گی۔

2۔ اس اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا استحقاق رکھنے والا رکن اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لیے اپنا نائب مقرر کر سکتا ہے۔ نائب کے لیے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کا رکن ہو۔ اس طریقہ کار سے منتخب ہونے والا نائب ان تمام حقوق جیسا کہ اجلاس میں شرکت، بولنے اور رائے دہی جو کسی رکن کو حاصل ہیں کا مستحق ہے۔ نائب اپنی شناخت کے ثبوت کے طور پر اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دکھائے گا۔

3۔ نائب کے تقرر کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویز جب کے تحت تقرری ہوئی کی نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ کاپی اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرار آفس میں جمع کروانے ہوں گے۔ نائب کے تقرر کے لیے فارم انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں حصہ داران کو بھیجی گئی اجلاس کی اطلاع کے ساتھ منسلک ہے۔

4۔ ایسے ارکان جنھوں نے اپنے حصص سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ('' سی ڈی سی'') میں جمع کروائے ہیں انھیں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

**(الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:**

(i) فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی کے ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہیں کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کے لیے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنے ہوں گے۔

(ii) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

**(ب) نائب کی تقرری کے لیے:**

(i) فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی کے ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہیں' نائب کے تقرر کا فارم اوپر دی گئی شرائط کے مطابق جمع